BRAMPTON

Media Release

برائے فوری اجراء

# سٹی جون میں پہلی مرتبہ برامپٹن میں سینئرز منتھ کے دوران سینئرز اپریسیئیشن ڈے منائے گا

برامپٹن، آن (16 جون 2020) – مؤرخہ 27 مئی کو، برامپٹن سٹی کونسل نے ایک وقف شدہ دن کے ذریعے برامپٹن کے بزرگ افراد کی بے شمار خدمات کو خراج تحسین پیش کرنے کے لیے ایک قرارداد منظور کی تھی۔ اس سال، برامپٹن سینئر سٹیزنز کونسل کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ، 19 جون کو جون میں سینئرز منتھ منانے کے حصے کے طور پر برامپٹن میں سینئرز اپریسیئیشن ڈے کے طور پر مختص کر دیا گیا ہے۔

19 جون کو دن 11 تا بارہ بجے تک ایک خصوصی سینئرز اپریسیئیشن ڈے ٹیلی ٹاؤن ہال منعقد کیا جائے گا۔ اس پروگرام میں میئر پیٹرک براؤن کی جانب سے ابتدائی کلمات، برامپٹن کنسرٹ بینڈ کی جانب سے ایک پہلے سے ریکارڈ شدہ پیشکش اور پیرالمپیئن اور ورلڈ چیمپیئن جیف ایڈمز کی جانب سے ایک ترغیبی پریزینٹیشن بھی شامل ہو گی۔ چونکہ ہم کورونا وائرس (کووِڈ-19) کی عالمی وباء کے مسائل سے گزرنا جاری ہیں، یہ بزرگ افراد کو پیل پبلک ہیلتھ اور کووڈ-19 سینئرز سپورٹ ٹاسک فورس کے مشترکہ قائدین، ریجنل کونسلرز پیٹ فورٹینی اور گرپیت ڈھلون کے ساتھ بات چیت کرنے کا موقع بھی فراہم کرے گا۔

کال میں شامل ہونے کے لیے، بزرگ افراد اپنا فون نمبر رجسٹر کرانے کے لیے بروز جمعرات، 18 جون تک 311 پر کال کر سکتے ہیں۔ ایک براہ راست آڈیو اسٹریم بھی آن لائن دستیاب ہو گی۔

## جون کا مہینہ برامپٹن میں بطور سینئرز منتھ منایا جاتا ہے

**بزرگ افراد کے لیے دلچسپ آن لائن سرگرمیاں**
بزرگ افراد کے لیے تیار کردہ کئی سرگرمیاں آن لائن دستیاب ہیں، بشمول تندرستی کی ویڈیوز، سرگرمیوں کی شیٹس، پزل اور www.brampton.ca/recreation پر مزید بہت کچھ دستیاب ہے۔

**کمیونٹی موزیک پراجیکٹ**
بزرگ افراد کی حوصلہ افزائی کی جاتی ہے کہ وہ اس بات کا احاطہ کرنے کے لیے ایک بامعنی کمیونٹی موزیک پراجیکٹ میں حصہ لیں اور جانیں کہ "کمیونٹی میں دوستی" میں ان کے لیے کیا کچھ موجود ہے۔ ایک مرتبہ رجسٹر ہونے کے بعد، شرکاء کو ایک آرٹ کِٹ موصول ہو گی، بشمول ایک 4' x 4' کی سیرامک ٹائل، ایک اکریلک پینٹ سیٹ اور ایک پینٹ برش۔ بے شک یہ کوئی پیغام ہو یا کوئی مصوری، بزرگ افراد اپنی مرضی کے کسی بھی طریقے سے "دوستی" کی اپنی تشریح کو نمایاں کر سکتے ہیں۔ سٹی کے رضاکار ٹائلوں کو جمع کریں گے اور پورے موزیک کو جولائی میں ایک عوامی مقام پر آویزاں کریں گے۔ سینئرز 311 پر کال کر کے یا covid19seniors@brampton.ca پر ای میل کر کے یہ چیزیں حاصل کرنے کے لیے رجسٹر ہو سکتے ہیں۔ رجسٹر ہونے کی آخری تاریخ 19 جون ہے۔ تفصیلات www.brampton.ca/recreation پر دستیاب ہیں۔

**سینئرز کیفے: کال کر کے گپ شپ لگائیں**
کورونا وائرس کے لیے جسمانی فاصلہ بندی کے اقدامات کی وجہ سے تنہائی کے احساس سے لڑنے کے لیے، بزرگ افراد اب اپنے گھر میں بیٹھ کر آرام سے دیگر بزرگ افراد سے مربوط ہو سکتے ہیں اور سماجی تعلقات بنا سکتے ہیں۔ سٹی آف برامپٹن کی جانب سے چلائے جانے والے ایک مفت ٹیلیفون پروگرام کے ذریعے، بزرگ افراد کسی مخصوص موضوع پر بات چیت کر سکتے ہیں، کوئی گیم کھیل سکتے ہیں یا کسی بھی عمومی گفتگو میں حصہ لے سکتے ہیں۔ بزرگ افراد اپنی مرضی کی کوئی تاریخ اور وقت مختص کرنے کے لیے 905.874.3348 پر کال کر سکتے ہیں۔

**کورونا وائرس کے دوران بزرگ افراد کے لیے اضافی معاونت**
کورونا وائرس کی عالمی وباء کے دوران، کووڈ-19 سینئر سپورٹ ٹاسک فورس نے گھریلو استعمال کی اشیاء پہنچانے کی ضرورت محسوس کرنے والے بزرگ افراد کی بہت مدد کی ہے۔ بزرگ افراد 311 پر کال کر کے یا covid19seniors@brampton.ca پر ای میل بھیج کر گھریلو استعمال کی اشیاء آرڈر کر سکتے ہیں۔ ادائیگی والے کارڈ کے بغیر لوگوں کے لیے، سٹی ان کی جانب سے اپنے گھریلو استعمال کی اشیاء والے شراکت داروں کو ادائیگی کرتا ہے۔ رضاکار رہائشیوں کے دورازوں پر یہ چیزیں چھوڑ جاتے ہیں اور انہیں ادائیگی کے لیے اپنی گھریلو اشیاء کی رسید 30 دن کے اندر بھیج دی جاتی ہے۔

BRAMPTON

Media Release

سینئر سپورٹ ٹاسک فورس نے 690 سے زائد کیے جانے والے رابطوں کا جواب دیا ہے اور کورونا وائرس کے رد عمل میں برامپٹن کے بزرگ افراد کو 200 سے زائد مرتبہ گھریلو اشیاء اور ادویات پہنچائی ہیں۔ ذاتی حفاظت کی اشیاء والے تقریبًا 1,600 کیئر پیکج بزرگ افراد میں تقسیم کیے جا رہے ہیں اور سٹی کی ایج فرینڈلی کمیٹی کے ذریعے برامپٹن میں بزرگ افراد کے 90 سے زائد گروہوں کے ساتھ رابطہ کیا گیا ہے۔

بزرگ افراد اس مشکل وقت میں مدد کے لیے کسی بھی وقت 311 پر کال کر کے یا covid19seniors@brampton.ca پر ای میل کر کے سینئر سپورٹ ٹاسک فورس سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

**پس منظر**

سٹی آف برامپٹن اپنی کمیونٹی میں رہنے والے بزرگ افراد کے ساتھ رابطہ کرنا اور ان کو خراج تحسین پیش کرنے کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔ اپنی عمر دوستانہ حکمت عملی کے ذریعے، سٹی مکمل اور قابل استحکام کمیونٹیوں کی تعمیر اور تیاری کے ذریعے زندگی کے تمام مراحل کے دوران رہائشیوں کی منفرد ضروریات کو پورا کرنے پر مرکوز ہے۔ یہ وہ چھتیسواں سال ہے جب صوبہ اونٹاریو نے جون کو بزرگ شہریوں کے مہینے کے طور پر منایا ہے۔

**اقتباسات**

"بزرگ شہری برامپٹن کی متنوع اور بڑھتی ہوئی کمیونٹی کا تقریبًا 11 فیصد حصہ ہیں اور مجھے اس جون میں اپنے بزرگوں کو خراج تحسین پیش کرنے پر فخر محسوس ہو رہا ہے۔ برامپٹن عمر دوستانہ ہونے میں رہنما حیثیت رکھتا ہے اور بزرگ افراد ہمارے شہر کو تشکیل دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سٹی اس بات کو یقینی بنانا جاری رکھے گا کہ ہماری بزرگ افراد اپنی قدر اور اپنے آپ کو مسلسل رابطے میں محسوس کریں اور ان کے پاس صحت مند رہنے کے لیے ضروری تمام مدد موجود ہو۔ میں تمام لوگوں کی حوصلہ افزائی کرتا ہوں کہ وہ اپنا کردار ادا کریں اور جسمانی فاصلہ بندی کے عمل درآمد کو برقرار رکھتے ہوئے اس مہینے کے دوران بزرگوں کو خوب بڑھ چڑھ کر خراج تحسین پیش کریں۔"

*- پیٹرک براؤن، میئر، سٹی آف برامپٹن*

"بزرگ شہری ہماری کمیونٹی کی بنیادیں ہیں اور ہم ان کی خدمات کو تسلیم کرنے اور انہیں خراج تحسین پیش کرنے کے لیے کوششیں کر رہے ہیں۔ برامپٹن سینئر سٹیزنز کونسل کی جانب سے رہنمائی کے ساتھ، مجھے اس یہ بات کہنے پر فخر ہے کہ برامپٹن سٹی کونسل نے سینئرز منتھ کے دوران ایک سینئرز ڈے منانے کی میری قرارداد کو متفقہ طور پر منظور کیا ہے۔ اس خصوصی دن پر، ہم یقینی بنائیں گے کہ ہم اپنے بزرگ شہریوں پر توجہ مرکوز کریں اور برامپٹن اور باقی دنیا کے لیے ان کی کامیابیوں کو تسلیم کریں۔"

*- مارٹن میڈیروس ریجنل کونسلر وارڈز 3 اور 4، سٹی آف برامپٹن*

"ہر سال، سٹی کا عملہ جون میں سینئرز منتھ منانے کے لیے سرگرمیوں کی منصوبہ بندی کرتا ہے۔ اس سال، سٹی کووڈ-19 کے اثرات سے مطابقت اختیار کرتے ہوئے اس جشن کو آن لائن لے کر جا رہا ہے۔ کال کر کے گفتگو سے لے کر آن لائن سرگرمیوں اور تندرستی کی تربیتی ویڈیوز تک، ہم پورے مہینے کے دوران اپنے بزرگ شہریوں کے ساتھ بامعنی طور پر گفتگو اور رابطے میں رہیں گے۔"

*- ڈیوڈ بیرک، چیف ایڈمنسٹریٹو آفیسر، سٹی آف برامپٹن*

30--

**کینیڈا میں تیز ترین رفتار سے بڑھنے والے شہروں میں سے ایک کے طور پر برامپٹن 650,000 لوگوں اور 70,000 کاروباروں کا گھر ہے۔** ہمارے ہر عمل کا مرکز عوام ہوتے ہیں۔ ہمیں اپنی متنوع کمیونٹی سے توانائی ملتی ہے، ہم سرمایہ کاری کے لیے کشش پیدا کرتے ہیں اور ہم ٹیکنالوجی اور ماحولیاتی جدت میں رہنما کردار ادا کرنے کے سفر پر نکل رہے ہیں۔ ہم ایک صحت مند شہر کی تعمیر میں بڑھوتری کے لیے مل کر کام کرتے ہیں، جو محفوظ، قابل استحکام اور کامیاب ہو۔ ہمارے ساتھ ٹوئٹر، فیس بک اور انسٹاگرام پر مربوط ہوں۔ www.brampton.ca پر مزید جانیں۔

BRAMPTON

# Media Release


**میڈیا کنٹیکٹ**

مونیکا ڈوگال
کوآرڈینیٹر، میڈیا اینڈ کمیونٹی انگیجمنٹ
اسٹریٹیجک کمیونیکیشن
سٹی آف برامپٹن
905-874-3426 |Monika.Duggal@brampton.ca